# TERMS & CONDITIONS شرائط وضوابط

I/We hereby apply for Consumer Finance (Facility) from Bank AL Habib Limited (BAHL), as indicated in this application.

I/We undertake that this Facility will be utilized for personal use only.

I/We acknowledge and confirm that:

1. No legal proceedings have been threatened or commenced or underway against me/us.
2. All information furnished by me/us in this application is true, complete and accurate and I/we have not withheld any material fact.
3. The references whose particulars are mentioned in the Application Form are aware of this transaction and will oblige BAHL for confirmation of the same.
4. The Facility will be provided subject to the terms and conditions contained in the Offer Letter (if issued by BAHL offering me/ us the facility);
5. I/We hereby authorize you to obtain information/data regarding my/our financial and personal details from any credit bureau, agent, banks, financial institutions, or companies for the purposes of processing my application and monitoring my facilities/account. Further, I/we authorize you to disclose and share the information in connection with my application with any other credit bureau, agent, banks, financial/ institutions or companies as you BAHL considers appropriate from time to time in accordance with the Applicable Laws.
6. I/We acknowledge the fact that the Facility requested by me/us in this application will be made available to me/us at the absolute discretion of BAHL and Bank AL Habib Limited reserves the rights to reject this application without assigning any reason, whatsoever.
7. I/We indemnify and agree to hold BAHL indemnified and harmless against any loss, damage, costs and expenses, fees, claims and proceedings, which may be incurred or sustained by BAHL or claimed against BAHL as a result of a breach of these terms and conditions by me/ us or any information provided or representation made by me/ us in this application form being incorrect or untrue or any discrepancy in my/ our signature on this application form and I/we hereby undertake to pay to BAHL the amount demanded by BAHL pursuant to this indemnity within [ 7 ] working days of the first written demand of BAHL.
8. The applicable IRR (Internal Rate of Return) on the Facility is as follows, which shall be fixed for the entire tenure of Facility (For fixed markup mode):
   - Lien based: Deposit Rate (base rate) plus 1.0% (spread).
   - Non lien based: Respective PKRV (base rate) plus 1.5% (spread).

   OR

   Applicable Floating Rate on the facility is as follows, Base Rate shall be reviewed on the last business day of the previous Base Period. (For floating markup mode):
   - Lien based: SBP Floor Rate (Base Rate) plus 1.0% (Spread).
   - Non lien based: 1 Year KIBOR (Base Rate) plus 1.0% (Spread).
9. Upon approval of the facility, I shall provide post dated cheques/debit authority for the repayments of my monthly installments to the bank.
10. Processing Fee of Rs. 7,000/= shall be paid by me to the bank.
11. My/Our 1st total monthly installment may vary from the repayment schedule which shall be based on the date of the disbursement. Furthermore, I/we understand that if the facility is disbursed before 16th of the month my/our 1st monthly Installment shall be due on the 1st of the following month.
12. Installation of tracking device (if applicable) is solely being arranged by the insurance company which is selected with my consent.
13. I/We am/are aware that the change in price and delivery of financed vehicle is the sole discretion of manufacturer/distributor which is selected with my/our consent.
14. I/We am/are well aware that after disbursement of the facility, if there is any change in the vehicle price, it shall be borne by me/us, as and when demanded by the manufacturer/ distributor.
15. I/We am/are also aware that financed vehicle shall be covered under compre-hensive insurance policy at the price mentioned in the Offer Letter.
16. I/We will use and operate the motor vehicle (Motor Vehicle) financed by Bank AL Habib Ltd.(Bank) under the aforesaid undertaking for personal use only.
17. I/We will not use, operate or give the Motor Vehicle for rental purposes, on lease, hire-purchase or any other purpose in violation of the aforesaid purpose.
18. I/We will not sell or transfer any rights, interests, assign, hypothecate or in any manner create any encumbrance on the Motor Vehicle.
19. NOW THEREFORE, in consideration of the Bank agreeing to provide/ having provided finances to me under the aforesaid agreement, I/we hereby undertake to indemnify and keep the Bank indemnified, safe and harmless at all times and from time to time from and against all losses, damages, penalties, fines (including but not limited to any loss arising from a violation of the undertakings specified at above), actions, suits, proceedings, accounts, claims, liabilities, expenses, costs and fees which the Bank may incur, sustain or be put to by reason or on account of the Bank having extended the said finances to me/us.

میں/ ہم بینک الحبیب لمیٹڈ سے کنزیومر فنانس (فیسیلیٹی) کے لئے درخواست دیتا ہوں/ دیتی ہوں/ دیتے ہیں، جیسا کہ اس درخواست میں ذکر کیا گیا ہے۔

میں/ہم یہ اقرار کرتا ہوں/ کرتی ہوں/ کرتے ہیں کہ یہ فیسیلیٹی صرف میرے/ ہمارے ذاتی استعمال کے لئے ہوگی۔

میں/ ہم یہ تسلیم کرتا ہوں/کرتی ہوں/کرتے ہیں اور تصدیق کرتا ہوں/کرتی ہوں/کرتے ہیں کہ:

۱۔ میرے/ہمارے خلاف کسی قسم کی قانونی کاروائیوں کی نہ دھمکی دی گئی ہے یا شروع کی گئی ہیں یا چل رہی ہیں۔

۲۔ میری/ ہماری طرف سے اس درخواست میں فراہم کردہ تمام معلومات سچ، مکمل اور درست ہیں اور میں/ ہم نے کوئی بھی حقائق پوشیدہ نہیں رکھے ہیں۔

۳۔ حوالہ داروں جن کی تفصیلات اس درخواست فارم میں درج ہیں، وہ اس ٹرانزیکشن سے واقف ہیں اور بینک الحبیب لمیٹڈ کو اس بات کی تصدیق کرنے کے پابند ہونگے۔

۴۔ جو فیسیلیٹی فراہم کی جائے گی وہ شرائط وضوابط سے مشروط ہوگی جو کہ آفر لیٹر میں درج ہونگے (اگر بینک الحبیب لمیٹڈ کی جانب سے مجھے/ہمیں فیسیلیٹی آفر کرنے کے سلسلے میں جاری کیا جائے)۔

۵۔ میں/ ہم بینک الحبیب کو یہ اختیار دیتا/ دیتی ہوں/ دیتے ہیں کہ آپ میری/ ہماری درخواست پر کاروائی کرنے اور میری/ ہماری فیسیلیٹیز/ اکاؤنٹ کی نگرانی رکھنے کیلئے کسی بھی کریڈٹ بیورو، ایجنٹ، بینکوں، مالیاتی اداروں یا کمپنیز سے میری مالیاتی اور ذاتی تفصیلات کے بارے میں معلومات حاصل کرسکتا ہے۔ مزید یہ کہ جیسا بینک الحبیب مناسب سمجھے، میری/ ہماری درخواست پر کاروائی کے سلسلے میں میری/ ہماری معلومات کو کسی بھی کریڈٹ بیورو، ایجنٹ، بینکوں، مالیاتی اداروں یا کمپنیز کو وقتاً فوقتاً لاگو قوانین کے مطابق ظاہر اور شریک کرسکتا ہے۔

۶۔ میں/ ہم اس حقیقت کو تسلیم کرتا ہوں/ کرتی ہوں/ کرتے ہیں کہ میری/ ہماری طرف سے دی گئی فیسیلیٹی کی اس درخواست پر بینک الحبیب لمیٹڈ اپنی صوابدید پر یہ فیسیلیٹی دستیاب کرے گا اور بینک یہ حق محفوظ رکھتا ہے کہ وہ کوئی وجہ بتائے بغیر اس درخواست کو مسترد کردے۔

۷۔ میں/ ہم تلافی کرتا ہوں/ کرتی ہوں/ کرتے ہیں اور متفق ہیں کہ بینک الحبیب لمیٹڈ کو کسی بھی ہرجانے اور نقصان، لاگتوں اور اخراجات، فیس، دعوؤں اور کارروائیوں سے محفوظ اور بے ضرر رکھنے کیلئے جو میری/ ہماری جانب سے ان شرائط وضوابط کی خلاف ورزی کے نتیجے میں یا بینک الحبیب لمیٹڈ کے خلاف دعوے یا اس درخواست فارم میں میری/ ہماری جانب سے کسی بھی قسم کی فراہم کردہ معلومات یا نمائندگی درست نہ ہونے یا جھوٹ پر مبنی ہونے یا اس درخواست فارم پر یا میرے/ ہمارے دستخط میں فرق ہونے کی صورت میں ہوسکتے ہیں، اور میں/ ہم بذریعہ ہٰذا ذمّہ داری لیتا ہوں/ لیتی ہوں/ لیتے ہیں کہ اس تلافی نامے کہ تحت مطلوبہ رقم بینک الحبیب لمیٹڈ کو پہلے تحریری مطالبہ پر (۷) دفتری ایام میں ادا کردونگا/ کردونگی/ کردینگے۔

۸۔ فیسیلیٹی پر قابل اطلاق IRR (Internal Rate of Return) مندرجہ ذیل ہیں، جو فیسیلیٹی کے پورے دور کے لئے طے کی جائے گی۔ (مقررہ مارک اپ کے طریقہ کار کے لئے۔
- رہن پر مبنی: ڈپازٹ ریٹ (بیس ریٹ) پلس 1.0 % (اضافہ)۔
- غیر رہن پر مبنی: PKRV (بیس ریٹ) پلس 1.5 % (اضافہ)۔

یا

فیسیلیٹی پر لاگو فلوٹنگ کی شرح مندرجہ ذیل ہیں، بنیادی ریٹ کا جائزہ گزشتہ بنیادی مدت کے آخری کاروباری دن پر کیا جائے گا۔ (فلوٹنگ مارک اپ کے طریقہ کار کے لئے)
- رہن پر مبنی: SBP فلور ریٹ (بیس ریٹ) پلس 1.0 % (اضافہ)۔
- غیر رہن پر مبنی: KIBOR (بیس ریٹ) پلس 1.0 % (اضافہ)۔

۹۔ فیسیلیٹی کی منظوری پر، میں بینک کو ماہانہ اقساط کی ادائیگیوں کیلئے پوسٹ ڈیٹڈ چیکس/ ڈیبٹ اتھارٹی دوں گا/ دونگی۔

۱۰۔ میری جانب سے سات ہزار روپے پروسیسنگ فیس بینک کو ادا کی جائے گی۔

۱۱۔ میری/ ہماری میری پہلی کُل ماہانہ قسط ری پیمنٹ شیڈیول سے مختلف ہوسکتی ہے جو ادائیگی کی تاریخ کی بنیاد پر ہوگی۔ مزید یہ کہ، میں جانتا/ جانتی ہوں کہ اگر فیسیلیٹی کی ادائیگی مہینے کی 16 تاریخ سے پہلے کی جائے تو میری پہلی ماہانہ قسط اگلے مہینے کی پہلی تاریخ کو واجب الادا ہوگی۔

۱۲۔ ٹریکنگ ڈیوائس کی تنصیب کا (اگر لاگو ہو) اہتمام صرف انشورنس کمپنی کررہی ہے جس کا انتخاب میری/ ہماری رضامندی سے کیا گیا ہے۔

۱۳۔ میں/ ہم جانتا ہوں/ جانتی ہوں/ جانتے ہیں کہ قرضہ پر لی گئی گاڑی کی قیمت اور ترسیل میں تبدیلی صرف مینوفیکچرر/ ڈسٹری بیوٹر کی صوابدید پر ہے، جسے میری رضا مندی سے منتخب کیا گیا ہے۔

۱۴۔ میں/ ہم اس بات سے اچھی طرح واقف ہوں/ ہیں کہ فیسیلیٹی کی ادائیگی کے بعد، اگر گاڑی کی قیمت میں کوئی تبدیلی آئی، تو اس کی ادائیگی مجھے/ ہمیں برداشت کرنی ہوگی، جتنی اور جب مینوفیکچرر/ ڈسٹری بیوٹر کی جانب سے طلب کی گئی۔

۱۵۔ میں/ ہم یہ بھی جانتا / جانتی ہوں/ جانتے ہیں کہ قرضے پر لی گئی گاڑی جامع بیمہ پالیسی کے تحت محفوظ ہوگی، جس کی قیمت آفر لیٹر میں مذکور ہے۔

۱۶۔ میں/ ہم بینک الحبیب لمیٹڈ (بینک) سے فنانس کی گئی گاڑی صرف ذاتی استعمال میں رکھوں گا/ گی/ رکھیں گے۔

۱۷۔ میں/ ہم مذکورہ بالا گاڑی کرائے پر، لیز پر، قسط والی خریداری پر نہیں استعمال کرونگا/ کرونگی/ کرینگے اور نہ ہی کسی اور مقصد کے لئے استعمال کرنے کے لئے جس سے اس عہدنامے کی خلاف ورزی ہو۔

۱۸۔ میں/ ہم گاڑی کو فروخت نہیں کرونگا/ کرونگی/ کرینگے یا اس کے حقوق، مفادات یا قرضہ منتقل نہیں کرونگا/ کرونگی/ کرینگے یا اسے کسی بھی طرح کے رہن میں نہیں رکھونگا/ رکھونگی/ رکھیں گے۔

۱۹۔ لہٰذا اب بینک کی جانب سے مذکورہ بالا معاہدے کے تحت مجھے قرضے کی فراہمی کے پیشِ نظر میں اقرار کرتا/ کرتی ہوں/ کرتے ہیں کہ بینک کو وقتاً فوقتاً ہونے والے کسی بھی نقصان، جرمانے (بشمول تاہم کے نکات میں کیے گئے اقرار نامے کی خلاف ورزی تک محدود نہیں ہے)، ایکشنز، تنازعات، کاروائیوں، اکاؤنٹس، دعوؤں، واجبات، اخراجات اور لاگو فیس جو بینک کو ادا کرنے پڑیں مجھے دیئے گئے قرضے کی وجہ سے بینک ذمہ دار نہیں ہوگا۔